بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اول

قارئین نے نوٹ کیا ہو گا کہ گزشتہ چند ماہ سے "حکمتِ قرآن" میں قدرے غیر محسوس طور پر انگریزی سیکشن کا آغاز ہو گیا ہے۔ ابتداء میں اگرچہ اس کا باقاعدہ آغاز پیش نظر نہیں تھا' بلکہ صرف محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی ایک کتاب "امتِ مسلمہ کے لئے سہ نکاتی لائحہ عمل" کے انگریزی ترجمے کو' جس کی تیاری پر حال ہی میں محترم ڈاکٹر ابصار احمد صاحب کی خصوصی محنت صرف ہوئی تھی' "حکمت قرآن" کے قارئین تک پہنچانا مقصود تھا۔ وہ مضمون تین اقساط میں شائع ہوا' لیکن اس کے بعد یہ سلسلہ اب چل نکلا ہے۔ چنانچہ پہلے اسلام' ایمان اور تقویٰ کے موضوع پر ڈاکٹر فضل الرحمٰن مرحوم کا ایک وقیع مقالہ اور پھر اسلامک بینکنگ کے موضوع پر محمد اکرم خان صاحب کا ایک فکر انگیز مقالہ' بزبان انگریزی شائع ہوئے۔ بہت سے قارئین نے اس سلسلے کو پسند کیا اور اسے مستقلاً پرچے کا جزو بنانے کا مشورہ دیا ہے۔ ہم اس سلسلے کو مستقل چلا سکیں گے یا نہیں' اس کے بارے میں کچھ کہنا تو شاید قبل از وقت ہو گا' تاہم زیر نظر شمارے میں بھی ایک اہم مضمون' بزبان انگریزی شامل ہے۔ "نبی اکرم ﷺ کا مقصدِ بعثت" کے موضوع پر محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی ایک تحریر جو دعوتی و فکری نقطۂ نگاہ سے نہایت اہمیت کی حامل ہے' کتابی صورت میں بزبان اردو تو بہت عرصے سے دستیاب تھی لیکن شدید خواہش کے باوجود اس کے انگریزی ترجمے کی تیاری اور اشاعت میں مسلسل تاخیر ہو رہی تھی۔ اب بحمد اللہ اسے انگریزی زبان کے قالب میں ڈھالنے کا عمل مکمل ہو چکا ہے' چنانچہ اس کی سلسلہ وار اشاعت کا آغاز اسی شمارے سے کیا جا رہا ہے۔ تین یا چار اقساط میں اس مضمون کی اشاعت' ان شاء اللہ' پایۂ تکمیل کو پہنچے گی۔ محترم ڈاکٹر صاحب کی متعدد دیگر تصانیف کی مانند اس کتابچے کو بھی انگریزی زبان میں منتقل کرنے کا ہفت خواں ان کے برادر خورد ڈاکٹر ابصار احمد نے طے کیا ہے۔ فجزاہ اللّٰہ احسن الجزاء

"مسئلہ سود اور غیر سودی مالیات" کے موضوع پر محمد اکرم خان صاحب کا ایک فکر انگیز مقالہ قریباً دو سال قبل "حکمت قرآن" کے اوراق کی زینت بنا تھا۔ بعد میں اسے مرکزی انجمن نے کتابی صورت میں بھی شائع کیا۔ اس کے پہلے ایڈیشن کے ختم ہو جانے پر دوبارہ اشاعت سے قبل اسے Revise کرنے کے خیال سے جب مؤلف سے رابطہ کیا گیا کہ کتاب میں اگر کوئی پروف ریڈنگ کی غلطی رہ گئی ہو یا وہ اعداد و شمار کو Update کرنا چاہتے ہوں تو اس کی نشاندہی فرما دیں تو انہوں نے اس معاملے میں خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے نہ صرف یہ کہ اسے بھرپور طور پر Revise کیا اور ہر اعتبار سے Update کر دیا بلکہ کچھ اہم مضامین بھی اضافی طور پر اس مقالے میں شامل کر دیے جن سے اس کی افادیت میں بلاشبہ خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ کتاب کے دوسرے ایڈیشن کی طباعت تو اغلباً دو ماہ بعد ہی ممکن ہو سکے گی' تاہم قارئین حکمت قرآن کے افادے کے لئے اس تازہ مقالے کو بھی قسط وار پرچے میں شائع کیا جا رہا ہے۔ OO